# ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج دیپالپور

## تعطیلات موسمِ گرما کا کام / سرگرمیاں

## پہلی میعاد

تعلیمی سیشن ۲۰۲۴ء تا ۲۰۲۳ء

مضمون: اُردو

جماعت: چہارم



| | |
|---|---|
| نام طالبعلم / طالبہ:------------ ------ | والد کا نام:------------------ |
| جماعت:---------------- ------ | سیکشن:------------- ------- |
| کل نمبر:---------- ----------- -- | حاصل کردہ نمبر:----------- --- |

# بلاک سلیبس

کتاب: اردو - 4 پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور جماعت چہارم امتیازی گرامر و انشا پردازی

## سبق (1 تا 11 حمد تا پہاڑ اور گلہری)

## مرکزی خیال: حمد، پہاڑ اور گلہری (خلاصہ) صحت و صفائی

## اردو (ب) امتیازی اردو گرامر

**قواعد و گرامر:**

اسم، فعل

**الفاظ متضاد:** صفحہ نمبر 27 پہلے دو کالم۔

**واحد جمع:** صفحہ نمبر، 18، 19 تختی نمبر (1، 2، 3)

**مذکر مونث:** درسی کتاب۔

**خطوط:** والد کے نام خط پیسے منگوانے کے لیے۔ دوست کے نام خط۔

**مضامین:** پاکستان۔ میرا پسندیدہ جانور۔

**تفہیم عبارت۔** (کسی بھی پیراگراف میں سے پانچ سوالات کے جواب لکھنا) "شامل نصاب میں سے کثیر الانتخابی سوالات بچے خود تیار کریں گے۔

تاریخ ____________ دن ____________



## حمد: نظم

### عنوان: پڑھائی، الفاظ معانی

| الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|
| تھر تھرانا | کانپنا | |
| رت | موسم | |
| نادر | نایاب | |
| قوی | طاقت ور | |
| خوش نمائی | خوب صورتی | |
| کونپلیں | وہ چھوٹی پتیاں جو تازہ پھوٹی ہوں | |
| قادر | ہر قسم کی قدرت رکھنے والا، طاقت رکھنے والا | |
| حکمت | عقل، دانائی | |
| بھانے لگا | اچھا لگنے لگا | |
| بادل | گروہ، بادلوں کا تہ در تہ اکٹھا ہونا | |

کالم ملا کر شعر مکمل کریں:

| کالم: الف | کالم: ب | |
|---|---|---|
| ہر چیز کی ہے ادا نرالی | ہر شخص ہے دن میں دھوپ کھاتا | |
| جاڑے سے بدن ہے تھر تھراتا | ہر شے کے بنا دیے ہیں جوڑے | |
| گرمی نے زمین کو تپایا | دن کو بخشی عجب صفائی | |
| پیدا کیے اونٹ، بیل، گھوڑے | بھانے لگا ہر کسی کو سایہ | |
| تاروں بھری رات کیا بنائی | حکمت سے نہیں ہے کوئی خالی | |

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**سوال نمبر:3 دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔**

**الف: ہر شے کے بنا دیے ہیں جوڑے،، سے کیا مراد ہے؟**

جواب: ہر شے کے بنا دیے ہیں جوڑے،، سے مراد ہر چیز کا دو دو کی صورت میں ہونا ہے یعنی کوئی چیز اکیلی نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر جان دار کا نر اور مادہ بنایا ہے۔

**جواب:**________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

**(ب): اس نظم میں جن موسموں کا ذکر ہوا ہے ان کے نام لکھیں اور کسی ایک موسم کی خصوصیات لکھیں۔**

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے جاڑا، گرمی، بہار اور برسات موسم بنائے ہیں۔ جاڑا سردیوں کے موسم کو کہتے ہیں۔ سردیاں آتے ہی لوگ گرم کپڑے پہنتے ہیں۔ دھوپ میں بیٹھتے ہیں۔ لوگ خشک میوہ جات کا استعمال کرتے ہیں۔

جواب:________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

**(ج): حکمت سے نہیں ہے کوئی خالی،، سے کیا مراد ہے؟**

جواب: حکمت سے نہیں ہے کوئی خالی

سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں کوئی بھی چیز بے کار نہیں بنائی ہر چیز کو بنانے کی کوئی نہ کوئی وجہ ہے۔

جواب:

(د): اللہ تعالیٰ کا شکر کس طرح ادا کیا جاسکتا ہے؟ دو باتیں بتائیں۔

جواب: اللہ تعالیٰ کے احکامات مان کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا جاسکتا ہے۔ زبان سے ذکر کر کے ہر وقت اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا جاسکتا ہے۔

جواب:

(ہ) دوسرے اور تیسرے شعر کی نثر بنائیں۔

جواب: دوسرے شعر کی نثر: ہر چیز کی ادا نرالی ہے، کوئی حکمت سے خالی نہیں ہے۔

تیسرے شعر کی نثر: رات کیا تاروں بھری بنائی ہے اور دن کو عجب صفائی بخشی ہے۔

جواب:

سوال نمبر: 6 قواعدِ سیکھیں۔

مثال کے مطابق دیے ہوئے جملوں میں متضاد الفاظ چن کر متعلقہ کالم میں لکھیں۔

| جملے | متضاد الفاظ | مشق کریں |
|---|---|---|
| شیر بہادر اور گیدڑ بزدل ہوتا ہے۔ | بہادر، بزدل | |
| دن رات محنت کرنے والے لوگ کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ | دن، رات | |
| گرمی ہو یا سردی اسلم چھٹی نہیں کرتا۔ | گرمی، سردی | |
| پھول کے ساتھ کانٹے بھی ہوتے ہیں۔ | پھول، کانٹے | |
| زندگی میں خوشی کے ساتھ غم بھی ہوتے ہیں۔ | خوشی، غم | |
| انسان اور حیوان سب اللہ تعالی کی مخلوق ہیں۔۔ | انسان، | |

نظم: حمد

## عنوان: مرکزی خیال

**مرکزی خیال:** دنیا کی تمام چیزیں اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی کوئی چیز بے فائدہ نہیں ۔اس کی عطا کی ہوئی نعمتوں کے لیے ہمیں اس کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

**سرگرمی:** اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزوں کے نام لکھیں اور تصویریں بھی بنائیے۔

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تصویریں بنائیے۔

ے

تاریخ---------- دن----------



# نظم: نعت

## عنوان: الفاظ معانی / پڑھائی

| الفاظ | معانی | مشق کریں |
| --- | --- | --- |
| بے کس | بے یار و مدد گار | |
| بزم | محفل، مجلس | |
| فرش خاک | زمین | |
| فخر آدمیت | انسانیت کا فخر | |
| دست گیری | مدد | |
| اسرار | سر کی جمع، پوشیدہ باتیں | |
| دکھ اٹھانا | تکلیف اٹھانا | |
| سیری ہونا | جی بھرنا | |

**سوال نمبر 2: نعت کے مطابق مناسب لفظ لگا کر مصرعے مکمل کریں۔**

(الف) سلام اس پر کہ جس نے---------------میں فقری کی۔

بادشاہی

(ب) سلام اس پر کی جس نے زخم کھا کر---------------برسائے۔

پھول

(ج) سلام اس پر کہ جس کے---------------میں چاندی تھی نہ سونا تھا۔

گھر

(د) سلام اس پر جو---------------کی خاطر دکھ اٹھاتا تھا۔

سچائی

(ہ) سلام اس پر جو فرش خاک پر---------------میں سوتا تھا۔ جاڑے

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**سوال نمبر 3: دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔**

**الف: بادشاہی میں فقری سے کیا مراد ہے؟**

جواب: بادشاہی میں فقری سے مراد ہے کہ دنیا کے تمام خزانوں کے مالک ہونے کے باوجود ضرورت سے زیادہ کی خواہش نہ رکھنا۔

جواب:______________________________

______________________________

______________________________

**(ب) فخر آدمیت کا کیا مطلب ہے؟**

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے انسان ہیں جن کے کردار پر تمام انسان فخر کرتے ہیں۔

جواب:______________________________

______________________________

______________________________

**ج) جو بھوکارہ کے اوروں کو کھلاتا تھا، میں کس بات کی طرف اشارہ ہے؟**

جواب: "جو بھوکارہ کے اوروں کو کھلاتا تھا" میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود بھوکے ہونے کے باوجود دوسروں کو کھانا کھلاتے تھے۔

جواب:______________________________

______________________________

______________________________

**(د) اس نعت میں شامل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار خوبیاں بتائیں۔**

جواب: اس نعت میں شامل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار خوبیاں درج ذیل ہیں۔

1: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دشمنوں سے بھی اچھا سلوک کیا۔

2: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود بھوکارہ کر دوسروں کو کھانا کھلاتے تھے۔

3: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سچ کو عام کیا۔

جواب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہ) آپ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کا عملی اظہار کس طرح کر سکتے ہیں؟

جواب: ہم حضرت محمد ﷺ کے راستے پر چل کر آپ ﷺ سے محبت کا عملی اظہار کر سکتے ہیں

جواب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**سرگرمی:** ہمارے لئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت بہترین نمونہ ہے۔ اس موضوع پر تقریر تیار کریں۔

**سوال نمبر 5: لفظوں کا کھیل**

بعض الفاظ دو لفظوں کا مجموعہ ہوتے ہیں، ایسے الفاظ کو ,,مرکب الفاظ،، کہتے ہیں جیسے ,,ہنسی مذاق،، نیچے دیے ہوئے لفظوں کو مثال کے مطابق صحیح لفظ سے ملائیں۔

| الف | ب |
|---|---|
| خون | مکوڑے |
| سچ | کلوٹا |
| کیڑے | باڑی |
| شور | پسینا |
| کالا | مچ |
| کھیتی | شرابا |

**قواعد سیکھیں:**

سوال نمبر: 6 مناسب حروف جار لگا کر جملے مکمل کریں۔

(تک) (سے) (پر) (نے) (میں)

قلم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لکھو۔

اپنی پڑھائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔توجہ دو۔

باغ-------------------رنگ برنگ کی تتلیاں اڑ رہی تھیں۔

میں--------------------صبح سے شام-----------------------کام

## نعت: نظم

### تخلیقی لکھائی

سوال نمبر 1: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت مبارکہ کا کوئی واقعہ لکھیں۔

جواب:

تاریخ---------- دن----------

## سبق: مثالی معلم

### عنوان: الفاظ معانی



| الفاظ | معانی | مشق کریں |
|---|---|---|
| آیات | آیت کی جمع، نشانی | |
| حکمت | دانائی، مراد حدیث رسول | |

| | | |
|---|---|---|
| وحی | انبیا علیہم السلام پر نازل ہونے والا اللہ کا کلام | |
| معلم | علم سکھانے والا، استاد | |
| غیبت | کسی کی غیر موجودگی میں اس کے بارے میں بری بات کرنا | |
| تشبیہ | ایک چیز کو دوسری چیز جیسا بیان کرنا، مثلاً شہد جیسا میٹھا | |

سوال نمبر 2: سبق کے مطابق دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں.

1 آئینہ 2 خطرناک 3 تکلیف 4 دل سوزی
5 نفع بخش

الف: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی ایسی بات نہ کرتے جس سے دوسرے بندے کو-------------- پہنچے۔

ب: بہترین علم وہ ہے جو-------------- ہو۔

ج: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مومن، مومن کا-------------- ہے۔

د: یہ زبان سب سے زیادہ-------------- ہے۔

ہ: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لہجے میں محبت اور-------------- ہوتی۔

سوال نمبر 3: دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) خانہ کعبہ کی دیواریں اٹھاتے ہوئے سیدنا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی تھی؟

جواب: سیدنا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیت اللہ کی دیواریں اٹھاتے ہوئے یہ دعا کی تھی "اے رب ان لوگوں میں خود انہی کی قوم میں سے ایک ایسا رسول بھیج دیجئے جو انہیں تیری آیات سنائے، اور ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دے۔"

جواب:____________________________________

____________________________________

____________________________________

(ب) حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گفت گو کی خاص بات کیا تھی؟

جواب: آپ ﷺ کی گفتگو نہایت صاف، واضح، مختصر اور مکمل ہوتی تھی۔

جواب:

(ج) پانچوں نمازوں کی اہمیت بتانے کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کون سی مثال دی؟

جواب: پانچوں نمازوں کی اہمیت بتانے کے لیے آپ ﷺ نے نہر کے بہنے اور پانچ مرتبہ اس کے پانی سے غسل کرنے کی مثال دی

جواب:

(د) حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کو سمجھانے کے لیے کون کون سے طریقے اختیار فرماتے؟ کم از کم تین طریقے بتائیں۔

جواب: (1) آپ ﷺ ہاتھ سے اشاروں سے مدد لیتے

(2) آپ ﷺ مثالوں سے سمجھاتے

(3) آپ ﷺ خود عمل کر کے دیکھاتے

جواب:

(ہ) آپ دوسروں کو بات سمجھانے کے لیے کون سا طریقہ اختیار کرتے ہیں؟

جواب: میں دوسروں کو نرمی اور محبت سے اپنی بات سمجھانے کے کوشش کرتا ہوں

جواب:

**قواعد سیکھیں:**

اسم نکرہ: دیے ہوئے جملے غور سے پڑھیں:

لڑکا کھیل رہا ہے۔ کتاب بہترین دوست ہے ۔ باغ خوب صورت ہے۔

اوپر دیے گئے جملوں میں لڑکا، کتاب اور باغ نمایاں کیے گئے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ لڑکا، کتاب اور باغ نام ہیں۔ انھیں اسم عام یا اسم نکرہ کہتے ہیں۔

اسم معرفہ:

دیے ہوئے جملے غور سے پڑھیں:

روزانہ قرآن مجید کی تلاوت کرنی چاہیے قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کراچی میں پیدا ہوئے۔

دیے ہوئے جملوں میں قرآن مجید، قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ اور کراچی نمایاں کئے گئے ہیں۔ یہ نام خاص شخص، خاص شہر اور خاص کتاب کے لیے استعمال کیے گئے ہیں۔ انھیں اسم معرفہ کہتے ہیں۔

درج ذیل میں سے اسم نکرہ اور اسم معرفہ الگ الگ کر کے جملے بنائیں۔

مظفر آباد فرحان باغ

پھول باب خیبر دریا

| اسم نکرہ | جملے |
| --- | --- |
| باغ | مجھے باغ کی سیر پسند ہے۔ |
| پھول | پھول نہیں توڑنے چاہییں۔ |
| دریا | لوگ دریا کے کنارے بیٹھے ہیں۔ |

| اسم معرفہ | جملے |
| --- | --- |
| مظفر آباد | مظفر آباد پاکستان کا مشہور شہر ہے۔ |
| فرحان | فرحان کو بریانی پسند ہے۔ |
| بابِ خیبر | ہم بابِ خیبر دیکھنے جائیں گے۔ |

**سوالات کے جواب لکھیں۔**

الف: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نمایاں صفات کیا تھیں؟

جواب: حضرت محمد ﷺ کی نمایاں صفات صداقت اور دیانت تھیں۔

جواب:________________________________

________________________________

________________________________

سوال: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لوگ کس لقب سے پکارتے تھے؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لوگ صادق اور امین کے لقب سے پکارتے تھے۔

جواب:________________________________

________________________________

________________________________

سوال: ابو جہل نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق کیا کہا؟

جواب: ابو جہل نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق کہا کہ میں آپ ﷺ جھوٹا نہیں کہتا۔

جواب:________________________________

________________________________

________________________________

سوال: کفار مکہ اپنی امانتیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کیوں رکھواتے تھے؟

جواب: کفار مکہ اپنی امانتیں آپ ﷺ کے پاس اس لیے رکھواتے تھے کیوں کے آپ ﷺ دیانت دار تھے۔

جواب:________________________________

________________________________

________________________________

## سبق: ہم بنیں گے اچھے شہری

## عنوان: پڑھائی، الفاظ معانی



| الفاظ | معانی | معانی |
| --- | --- | --- |
| خوش گوار | اچھا | |
| خراماں خراماں | آہستہ آہستہ چلنا | |
| افسردہ | غمگین، پریشان | |
| خلاف ورزی | اصول توڑنا | |
| مشترکہ اثاثہ | سب کی اکٹھی جائیداد / دولت | |
| خاردار | کانٹے دار | |
| تسلیم کرنا | مان لینا | |
| ضابطہ | قوانین، اصول | |
| اظہار | ظاہر کرنا | |
| احترام | عزت | |

### جملے بنائیں:

| الفاظ | جملے | مشق کریں |
| --- | --- | --- |
| خراماں خراماں | بچے خراماں خراماں واپس آرہے تھے۔ | |
| افسردہ | فوزیہ بہت افسردہ تھی۔ | |
| احترام | ہمیں دوسروں کا احترام کرنا چاہیے۔ | |
| ضابطہ | حکومت نے جو ضابطہ بنایا ہے اس پر عمل کرنا چاہیے۔ | |
| خاردار | گھر کے باہر خاردار سلاخ لگی تھی | |
| قصبہ | اکرم کا قصبہ بہت خوبصورت ہے | |

**سوال نمبر2 دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔**

سبق کے مطابق لکھ کر بتائیں کہ یہ جملے کس نے کہے؟

(الف) لیکن ہمیں کسی نے نہیں دیکھا۔

جواب: طیب نے کہا۔

(ب) اچھا شہری صرف اپنے لیے نہیں بلکہ سب کے فائدے کے لیے سوچتا ہے۔

جواب: حامد صاحب نے کہا۔

(ج) کون سی تختیاں؟

جواب: عافیہ نے کہا۔

(د) اچھا شہری قانون کا احترام کرتا ہے۔

جواب: حامد صاحب نے کہا۔

(ہ): ہمیں اپنے گلی محلے کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔

جواب: عافیہ نے کہا۔

**سوالنمبر3: دیے ہوئے سوالات کے جواب لکھیں۔**

**الف: بچوں سے کیا غلطی ہوئی؟**

**جواب:** بچوں سے یہ غلطی ہوئی کہ انھوں نے پارک میں لگے پھول توڑ لیے۔

جواب:________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________

**(ب) فوزیہ کی استانی نے کیا بتایا تھا؟**

جواب: فوزیہ کی استانی نے بتایا تھا کہ اگر تم اچھے شہری بننا چاہتے ہو تو تمہیں چھوٹی چھوٹی چیزوں کا بھی خیال رکھنا ہو گا ۔ مثلاً اگر کمرے میں کوئی نہیں تو پنکھا اور بلب بند کر دیں۔ پانی بہ رہا ہو تو نل بند کر دیں۔ پارک میں پودوں کو نقصان نہ پہنچائیں۔ گھر اور محلے کی صفائی کریں۔

**جواب:**________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________

**(ج)اچھے شہری کے اوصاف کیاہیں؟**

**جواب:اچھے شہری کے درج ذیل اوصاف ہیں۔**

1: اچھاشہری قانون کااحترام کرتاہے۔

2: اچھاشہری گلی محلے کو صاف رکھتاہے۔

3: اچھاشہری بجلی اور پانی ضائع نہیں کرتا۔

4: اچھاشہری پھول نہیں توڑتا۔

5: اچھاشہری مل جل کر رہتاہے۔

**جواب:**__________

**(د)ایک طالب علم کی حیثیت سے آپ اپنے ملک کی ترقی میں کیاکردار ادا کرسکتے ہیں؟**

**جواب:** ایک طالب علم کی حیثیت سے ہمیں دل لگا کر پڑھنا چاہیے تا کہ بڑے ہو کر ملک اور قوم کی خدمت کر سکیں۔ نیز ہمیں اچھاشہری بننے کی کوشش کرنی چاہیے۔

**جواب:**__________

## لفظوں کا کھیل:

**سوالنمبر5: دیے ہوئے الفاظ میں اسم نکرہ اور اسم معرفہ الگ الگ کر کے لکھیں۔**

| اسم نکرہ۔ | اسم معرفہ | اسم معرفہ |
|---|---|---|
| پھول | فوزیہ | |
| آدمی | گلاب | |
| سکول | گلگت | |
| ملک | ایران | |
| گاؤں | لاہور | |
| ڈاک خانہ | حامد صاحب | |

درست جواب کا انتخاب کریں:

1- موسم تھا:

**1-خوشگوار** 2-ناخوشگوار 3-گرم 4-سرد

2- بچے خوش تھے:

1- پھول توڑنے سے **2-پارک کی سیر سے** 3- جھولوں سے 4- کھانے سے

3- بچے کھیلتے کھیلتے چلے گئے:

1- بہت آگے **2-دور** 3-پانی میں 4-واپس

4-خراماں خراماں کا مطلب ہے:

**1- آہستہ آہستہ چلنا** 2- تیز تیز چلنا 3-دوڑنا 4-جلدی آنا

5- پھول توڑنا عادت ہے:

**1-بری** 2-اچھی 3-بہت اچھی 4-نامناسب

تاریخ---------- دن----------

## سبق: ننھا ہاتھی

## عنوان: پڑھائی، الفاظ معانی



| الفاظ | معانی | مشق کریں |
|---|---|---|
| ننھا | چھوٹا | |
| اٹکھیلیاں کرنا | نازونخرہ کرنا | |
| چندھیانا | آنکھیں جھپک جانا | |
| بے چینی | بے آرامی، پریشانی | |
| نوکیلے | نوک دار | |

## مذکر مؤنث لکھیے

| مذکر | مونث |
|---|---|
| بھائی | بھابھی |
| آسمان | بہار |
| ہمسایہ | ہمسائی |
| ہسپتال | لڑکی |

درست جواب کا انتخاب کریں۔

1 :افریقہ کے ایک جنگل میں ایک ننھا ہاتھی رہتا تھا:

1 اپنے ماموں کے ساتھ :2اپنے باپ کے ساتھ

3 اپنے ماں باپ کے ساتھ :4اپنے چچا کے ساتھ

2 :ننھا منا ہاتھی شام کو اپنی پیاس بجھالیتا:

1 کسی تالاب سے پانی پی کر :2کسی ندی سے پانی پی کر

3 کسی دریا سے پانی پی کر۔ :4کسی تالاب یا ندی نالے سے پانی پی کر

3 :ننھا منا ہاتھی دریا پر جاتے ہوئے بہت خوش تھا:

1 پہلی دفعہ :2دوسری دفعہ :3تیسری دفعہ :4چوتھی دفعہ

4 :ننھا منا ہاتھی جب دریا پر پہنچا تو اس نے منظر دیکھا:

1 حسین :2خوبصورت :3عجیب :4انوکھا

5 : ننھا ہاتھی کم پانی والی جگہ پر دریا میں اترا:

1 جلدی جلدی :2آہستہ آہستہ :3فوراً :4جھٹ سے

سرگرمی: ننھے ہاتھی کی تصویر بنا کر اس کے بارے میں خوش خط لکھیے۔

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

درست جواب کا انتخاب کریں:

الف: سورج کا متضاد ہے:

1 چاند :2زمین :3 آسمان :4ستارے

ب:،،پانی،،کا مترادف ہے:

1 آگ :2 آب :3ہوا :4مٹی

ج:خوش کا متضاد ہے:

1۔ شاد :2 تیز :3ناخوش :4پیارا

د: آنکھیں چندھیانا ہے:

1 اسم :2فعل :3اسم نکرہ :4 محاورہ

ہ: قریب،،کا مترادف ہے:

1۔ نزدیک :2دور :3اردگرد :4سامنے

قواعد سیکھیں: ہم جانتے ہیں کہ وہ لفظ جو نر کے لیے بولا جائے،اسے مذکر کہتے ہیں۔ جیسے: لڑکا، گھوڑا، مرغا وغیرہ۔

وہ لفظ جو مادہ کے لیے بولا جائے اسے مونث کہتے ہیں۔ جیسے: لڑکی، گھوڑی، مرغی وغیرہ۔


مذکر مونث

| | |
|---|---|
| آسمان | آواز |
| سورج | صورت |
| جنگل | بارش |
| پانی | زمین |
| بادل | |

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## مضمون: پسندیدہ جانور

## گائے



گائے ایک دودھ دینے والا پالتو جانور ہے۔ یہ دنیا کے ہر حصے میں پائی جاتی ہے اس کا رنگ بھورا اور سیاہ ہوتا ہے۔ اس کے سر پر دو سینگ ہوتے ہیں۔ دم لمبی ہوتی ہے۔ جس کے سر پر بالوں کا گچھا ہوتا ہے۔

گائے شکل و صورت کے لحاظ سے ایک خوب صورت چوپایہ ہے۔ یہ بہت کم چارا کھاتی ہے۔ صبح و شام دو وقت دودھ دیتی ہے۔ اس کا دودھ مزے دار جلد ہضم ہونے والا مگر پتلا ہوتا ہے۔ گائے کا دودھ مفید ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ اس کا دودھ شوق سے پیتے ہیں۔ اس سے مکھن اور گھی بھی تیار کرتے ہیں۔ اس کے گوبر کے اپلے بنائے جاتے ہیں جنھیں ایندھن کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کا گوبر کھاد کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

مضمون لکھیے۔

پسندیدہ جانور

گائے

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔




## سبق: صحت وصفائی

### عنوان: الفاظ معانی

| الفاظ | معانی | مشق کریں |
|---|---|---|
| مسام | بدن بدن کے باریک سوراخ جس سے پسینہ نکلتا ہے | |
| افزائش | بڑھنا، زیادہ کرنا | |
| خردبین | ایک ایسا آلہ جس سے باریک اشیا کو دیکھا جاسکتا ہے | |
| فاضل | فالتو مواد | |
| معائنہ | آنکھوں سے دیکھنا | |

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## سبق: صحت وصفائی

### عنوان: خلاصہ

**عدنان نے اپنے ماموں سے پوچھا کہ میرے جسم پر دانے کیوں نکل آتے ہیں۔ماموں جان نے کہا ہمارے جسم کے اوپر والے حصے میں جو جلد موجود ہے، اس جلد پر بہت باریک باریک سوراخ ہوتے ہیں جنھیں مسام کہتے ہیں۔یہ مسامات نہایت ہی چوٹے ہوتے ہیں۔انھیں صرف خردبین جیسے آلہ سے دیکھا جاسکتا ہے۔موسم گرما میں جسمانی کام کرنے یا ورزش کرنے سے ان مسامات سے پسینا نکلتا ہے۔پسینے کے ذریعے جسم کے بہت سے گندے اور فالتو اجزء باہر آجاتے ہیں۔اگر جلد کی صفائی نہ کی جائے تو ماحول سے حاصل ہونے والی مٹی کے ذرات اور اندر سے نکلنے والے**

فاضل مادے ان مسامات کو بند کر دیتے ہیں۔ ہمارے جسم پر میل جم جاتا ہے۔ اس سے انسان سست ہو جاتا ہے۔ ہمیں جسم کی صفائی کے ساتھ ساتھ گلی، محلے اور بستی کی صفائی کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔

## خلاصہ: صحت و صفائی

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## سبق: صحت وصفائی

## عنوان: مشق

**سوالات کے جوابات لکھیے۔**

**الف) جسم میں جراثیم کس طرح داخل ہوتے ہیں؟**

جواب: مکھیوں اور مچھروں کے ذریعے جراثیم کھانے کی چیزوں پر لگ جاتے ہیں۔ جب ہم یہ چیزیں کھاتے ہیں تو جراثیم ہمارے جسم میں داخل ہو جاتے ہیں۔

جواب:______________________________

______________________________

______________________________

ب) جراثیم سے آپ اپنے آپ کو کس طرح بچا سکتے ہیں؟

جواب: صفائی کا خیال رکھ کر ہم اپنے آپ کو جراثیم سے بچا سکتے ہیں۔

جواب:______________________________

______________________________

ج) مسام کسے کہتے ہیں اور ان کا کیا کام ہے؟

جواب: ہمارے جلد میں بہت باریک باریک سوراخ ہوتے ہیں۔ جنہیں مسام کہتے ہیں ان مسامات سے پسینہ خارج ہوتا ہے۔

جواب:______________________________

______________________________

______________________________

ہ) ہم اپنے ارد گرد کے ماحول کو کیسے صاف رکھ سکتے ہیں؟ تین باتیں لکھیے۔

جواب: 1. کوڑا کرکٹ کوڑادان میں ڈالیں۔

2. کھانے کی چیزیں ڈھانپ کر رکھیں۔

3۔ مچھر مار سپرے کروائیں۔

جواب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**سوال نمبر 7۔ لفظ کے شروع میں نالگا کر نئے الفاظ بنائیں اور ان کو جملوں میں استعمال کریں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| نا | لائق | ہماری جماعت میں کوئی نالائق بچہ نہیں ہے | |
| نا | امید | کبھی ناامید نہیں ہونا چاہیے | |
| نا | اہل | کسی کو نااہل نہ سمجھو | |
| نا | کافی | چائے بنانے کے لیے اتنا دودھ ناکافی ہے۔ | |
| نا | مکمل | احمد کا کام نامکمل ہے | |

سوال نمبر 7۔ لفظ کے شروع میں نالگا کر نئے الفاظ بنائیں اور ان کو جملوں میں استعمال کریں

نالائق:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ناامید:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نااہل:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ناکافی:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نامکمل:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**والد کے نام خط تحریر کریں (پیسے منگوانے کے لیے)**

**عنوان: والد کے نام خط**

امتحانی مرکز

11۔ جولائی 2024

پیارے ابا جان!

السلام علیکم!

آپ کو یہ سن کر خوشی ہو گی کہ میں تیسری جماعت سے پاس ہو کر چوتھی جماعت میں ہو گیا / گئی ہوں۔ اب مجھے نئی جماعت کی کتابیں اور کاپیاں خریدنے کے لئے کچھ رقم کی ضرورت ہے اس لئے مجھے کم سے کم چار ہزار روپے بھیج دیں تاکہ کتابیں اور ضروریات کی چیزیں وقت پر خرید لوں امی جان کی طرف سے سلام۔

والسلام

آپ کا بیٹا / کی بیٹی

ا۔ب۔ج

**خط تحریر کریں۔**

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## دوست کے نام خط(گرمیوں کی چھٹیاں گزارنے کے لیے)

امتحانی مرکز

15۔جولائی 2024

پیارے دوست / پیاری دوست!

السلام علیکم!

آپ کا خط ملا۔خط پڑھ کر خوشی ہوئی کہ آپ چھٹیوں میں سکول کا کام بڑے زوروشور سے کر رہے ہیں / رہی ہیں۔ آپ نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ کچھ دن میرے پاس گزاریں گے / گی۔چند روز گاؤں کی کھلی اور پر سکون فضا میں رہ کر آپ کی صحت بھی بہتر ہو جائے گی خط ملتے ہی اپنی آمد کے بارے میں آگاہ کرنا۔

والسلام

آپ کا دوست / کی دوست

ا۔ب۔ج

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔



**نظم: ہم پاکستانی بچے ہیں**

**عنوان: الفاظ معانی**

| **الفاظ** | **معانی** | مشق کریں |
| --- | --- | --- |
| شیدا | چاہنے والا | |
| جان باز | دلیر، جان پر کھیلنے والا | |
| ظلم | سختی، ناانصافی | |
| شوکت | رعب، دبدبہ، شان | |
| چرچا | شہرت | |

**سوال: الفاظ کے معنی سمجھیں اور جملے بنائیں۔**

| **الفاظ** | **جملے** | مشق |
| --- | --- | --- |
| ظلم | دوسروں پر ظلم نہیں کرنا چاہیے۔ | |
| شیدا | ہم پاکستان کے شیدا ہیں۔ | |
| شوکت | ہم سے پاکستان کی شوکت ہے۔ | |
| جاں باز | ہماری پاک فوج جاں باز ہے۔ | |
| من بھاتا | پاکستانی جھنڈے پر چاند تارا من بھاتا ہے۔ | |

**سوال: مصرعے مکمل کریں۔**

**الف:** جاں باز کی اولاد ہیں ہم۔

**ب:** اب غیروں سے آزاد ہیں ہم۔

ج: جو قوم کی اصلی دولت ہیں۔

د: ہم پاکستان کی شوکت ہیں۔

و: ہم بگڑے کام سنواریں گے۔

ہ: ملت کا نام ابھاریں گے۔

**سوال: مصرعے مکمل کریں۔**

الف: جاں باز کی۔۔۔۔۔۔۔ہے ہم۔

ب: اب۔۔۔۔۔۔۔۔سے آزاد ہیں ہم۔

ج: جو قوم کی۔۔۔۔۔۔۔۔دولت ہیں۔

د: ہم پاکستان کی۔۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔

و: ہم بگڑے کام۔۔۔۔۔۔گے۔

ہ: ملت کا۔۔۔۔۔۔۔۔ابھاریں گے۔

**سوال: علامت فاعل "نے" اور معفول "کو" میں سے درست حروف لگا کر خالی جگہ پر کریں۔**

استاد نے بچوں کو سبق پڑھایا.

ننھے ہاتھی نے شیر کو سلام کیا۔

امی نے کھیر بنائی۔

احمد نے بلی کو پکڑ لیا۔

پودوں کو پانی دو۔

**سوال: علامت فاعل "نے" اور معفول "کو" میں سے درست حروف لگا کر خالی جگہ پر کریں۔**

استاد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بچوں کو سبق پڑھایا.

ننھے ہاتھی۔۔۔۔۔۔۔۔شیر کو سلام کیا۔

امی۔۔۔۔۔۔۔۔کھیر بنائی۔

احمد نے بلی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پکڑ لیا۔

پودوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پانی دو

**نظم میں سے ایسے مصرعے تلاش کر کے لکھیے۔ جن میں دیے ہوئے الفاظ کے مترادف ہوں۔**

| **الفاظ** | **جملے** | مشق |
|---|---|---|
| نڈر | بے خوف ہیں، پاک ہیں، سچے ہیں۔ | |
| باغ | بلبل ہے چمن کے شیدا۔ | |
| مال | بچے قوم کے اصلی دولت ہیں۔ | |
| پرچم | یہ جھنڈا سبز ہمارا ہے۔ | |

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔



مضمون

## عنوان: پاکستان

ہمارے پیارے وطن کا نام پاکستان ہے پاکستان کے چار صوبے ہیں۔ پاکستان کا دارالحکومت اسلام آباد ہے جو بہت خوبصورت ہے۔ پاکستان کی قومی زبان اردو ہے۔ علامہ اقبال ہمارے قومی شاعر ہیں۔ پاکستان کا تصور علامہ اقبال نے پیش کیا۔ پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جو اسلام کے نام پر بنایا گیا۔ اس وقت بچے بچے کی زبان میں یہ نعرہ تھا۔

پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ۔ پاکستان 14 اگست 1947 کو پاکستان بنایا گیا ہم سب کو اس کی حفاظت ترقی اور خوشحالی کے لیے دن رات کام کرنا چاہیے خدا پاکستان کو ہمیشہ سلامت رکھے آمین۔

مضمون پاکستان لکھیے۔

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## سرگرمی :درخت کے فوائد




موسمیاتی تبدیلیوں اور بیماریوں سے بچاو کے لیے درخت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک تحفہ ہے، اسی وجہ سے اسلام میں درختوں کو کاٹنے سے منع فرمایا ہے اور اللہ نے خود درختوں کو زمین کی زینت قرار دیا ہے ،اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ شجر کاری انسانیت کی بہترین خدمت ہے، اس کا فائدہ کسی ایک انسان یا لاکھوں انسانوں کو ہی نہیں پہنچتا بلکہ اس سے ہر طرح کے چرند پرند بھی درختوں کے سائے اور اس کی ٹھنڈی ہواوں سے اپنی زندگیوں میں سکون پاتے ہیں، آلودگی سے تحفظ اور بیماریوں سے بچاوں کا کسی حد تک ایک ہی علاج ہے اور وہ ہے شجر کاری، کیونکہ ان درختوں سے آنے والی ہوا اس سے مختلف امراض میں شفا ملتی ہے اور درختوں کے ہونے سے ہی بارشیں ہوتی ہیں جس کو شہر قائد کے لوگ اب ترسنے لگے ہیں۔

**درخت کے پانچ فوائد لکھیے۔**

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔



سبق: آتے ہیں جو کام دوسروں کے

عنوان: الفاظ معانی

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| وبا | متعدی | | تل دھرنے کی جگہ | بالکل جگہ نہ رہنا | |
| سنسان | ویران، غیر آباد | | سینی ٹائزر | جراثیم سے بچنے کی دوا | |
| ماسک | وائرس سے بچنے کے لیے ناک اور منہ ڈھانپنے کا پردہ | | زلزلہ | زمین کا ہلنا | |
| لپیٹ میں آنا | پھنس جانا، شکار ہونا | | سیلاب | پانی کا بڑا ریلا | |
| آفت | مصیبت، تکلیف | | لاچار | مجبور | |
| رضاکار | اپنی مرضی سے بلا معاوضہ کام کرنے والا | | آفت | مصیبت | |

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عنوان: سوالات کے جوابات

سوال: حکومت نے وبا کو روکنے کے لیے کیا اقدامات کیے؟

جواب: حکومت نے وبا کو روکنے کے لیے سکولوں میں چھٹیاں کر دیں اور تمام سرکاری اور نجی ادارے بند کر دیے۔

جواب:________________________________________________

________________________________________________

________________________________________________

سوال: خدمت خلق سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی لالچ یا غرض کے بغیر صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے دوسروں کی مدد کرنا خدمت خلق ہے۔

جواب:________________________________________________

________________________________________________

________________________________________________

سوال: خدمت خلق کے رضاکار کرونا وبا کے دوران میں لوگوں میں کیا چیزیں تقسیم کر رہے تھے؟

جواب: خدمت خلق کے رضاکار کرونا وبا کے دوران میں لوگوں میں سینی ٹائزر ماسک اور کھانے پینے کی چیزیں تقسیم کر رہے تھے۔

جواب:________________________________________________

________________________________________________

________________________________________________

سوال: خدمت خلق کی تنظیمیں کن موقعوں پر لوگوں کے کام آتی ہے۔

جواب: خدمت خلق کی تنظیمیں قدرتی آفات میں جیسے زلزلے اور سیلاب سے متاثر لوگوں کے کام آتی ہے۔

جواب:________________________________________________

________________________________________________

________________________________________________

سوال: آپ خدمت خلق کا کون سا کام کرنا چاہتے ہیں؟

جواب: میں غریبوں، لاچاروں اور یتیموں کی مدد کرنا چاہتی ہوں۔

جواب:________________________________________________

________________________________________________

________________________________________________

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔



نظم: پہاڑی اور گلہری

## عنوان: مرکزی خیال

اللہ تعالیٰ نے کائنات کا نظام چلانے کے لیے ہر چیز کو ایک خاص مقصد دے کر پیدا کیا ہے۔ کسی کو چھوٹا اور کسی کو بڑا بنانا اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے۔ دنیا کی کوئی چیز بے کار پیدا نہیں کی گئی۔ سب چیزیں اپنی اپنی جگہ اہمیت کی حامل ہیں۔

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## عنوان: واحد جمع

| واحد | جمع | جمع | واحد | جمع | جمع |
|---|---|---|---|---|---|

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لڑکا | لڑکی | | چیز | چیزیں | |
| تارا | تارے | | نہر | نہریں | |
| شہزادہ | شہزادے | | فوج | فوجیں | |
| کپڑا | کپڑے | | تلوار | تلواریں | |
| گھوڑا | گھوڑے | | نعمت | نعمتیں | |
| پیشہ | پیشے | | بہار | بہاریں | |
| گھڑا | گھڑے | | میز | میزیں | |
| کیڑا | کیڑے | | خوشبو | خشبوئیں | |
| باجا | باجے | | شلوار | شلواریں | |
| راستہ | راستے | | موٹر | موٹریں | |
| حادثہ | حادثے | | پنسل | پنسلیں | |
| کنارہ | کنارے | | قطار | قطاریں | |
| جھنڈا | جھنڈے | | ریل | ریلیں | |
| اشارہ | اشارے | | سلیٹ | سلیٹیں | |
| میلا | میلے | | دوا | دوائیں | |
| پودا | پودے | | چال | چالیں | |
| جلسہ | جلسے | | بھیڑ | بھیڑیں | |
| حصہ | حصے | | سڑک | سڑکیں | |
| بچہ | بچے | | دوات | دواتیں | |
| چہرہ | چہرے | | ضرورت | ضرورتیں | |
| پیسہ | پیسے | | محفل | محفلیں | |
| لفافہ | لفافے | | کار | کاریں | |
| پرندہ | پرندے | | دعا | دعائیں | |
| تختی | تختیاں | | جان | جانیں | |
| لڑکی | لڑکیاں | | قوالی | قوالیاں | |
| نیکی | نیکیاں | | شیشی | شیشیاں | |
| کہانی | کہانیاں | | اچھائی | اچھائیاں | |
| جھنڈی | جھنڈیاں | | صفائی | صفائیاں | |
| ندی | ندیاں | | چڑیا | چڑیاں | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بکری | بکریاں | | کشتی | کشتیاں | |
| برائی | برائیاں | | کاپی | کاپیاں | |
| مٹھائی | مٹھائیاں | | ساڑھی | ساڑھیاں | |
| روٹی | روٹیاں | | الماری | الماریاں | |
| گالی | گالیاں | | کھڑکی | کھڑکیاں | |
| خوشی | خوشیاں | | گھاٹی | گھاٹیاں | |

تاریخ--------- دن---------



## عنوان: الفاظ متضاد

| الفاظ | متضاد | متضاد | الفاظ | متضاد | متضاد |
|---|---|---|---|---|---|
| آسان | مشکل | | شام | صبح | |
| اچھائی | برائی | | غم | خوشی | |
| اعلیٰ | ادنیٰ | | کم | زیادہ | |
| بد | نیک | | اندر | باہر | |
| پاک | پلید | | الٹا | سیدھا | |
| جھوٹا | سچا | | جھوٹ | سچ | |
| چاند | سورج | | چاندی | سونا | |
| خوب صورت | بدصورت | | خارج | داخل | |
| دشمن | دوست | | دینا | لینا | |
| رات | دن | | روشنی | اندھیرا | |
| سوال | جواب | | سردی | گرمی | |
| صاف | گندہ | | کھوٹا | کھرا | |
| غریب | امیر | | آگے | پیچھے | |

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆